بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Federal Shariat Court

Islamabad 29-4-2022

پریس اور میڈیا ریلیز۔

وفاقی شرعی عدالت کا فل بنچ جو کہ جناب جسٹس محمد نور مسکانزئی چیف جسٹس صاحب، جناب جسٹس ڈاکٹر سید محمد انور اور جناب جسٹس خادم حسین ایم شیخ پر مشتمل ہے نے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۲۰۳ڈی ڈی کے تحت اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے مجیب الرحمان اور دیگر کی طرف سے دائر کردہ فوجداری اپیل اور فوجداری نظرثانی پر محفوظ فیصلہ سنادیا عدالت نے ٹرائل کورٹ اضافی ضلع قاضی دیر پائین بمقام چکدرہ کے فیصلے کو برقرار رکھتے ہوئے دو اپیل کنندگان مجیب الرحمان اور حقدار علی کی سزائے موت کی توثیق کردی جبکہ اپیل کنندگان نورالحق، یوسف خان اور انور علی کو عمر قید کی سزا کو برقرار رکھا۔

وفاقی شرعی عدالت کے فل بنچ نے ریکارڈ کی مکمل جانچ پڑتال اور تمام فریقین اور ان کے وکلاء کو سننے کے بعد اپنا فیصلہ سنایا اور فوجداری اپیل اور فوجداری نظرثانی کی درخواست کو خالی از میرٹ قرار دیتے ہوئے خارج کر دیا۔ مجرمانہ قتل کا ریفرنس جس میں دو اپیل کنندگان مجیب الرحمان اور حقدار علی کی سزائے موت ہوئی تھی کی توثیق کردی اور اس کا جواب اثبات میں دیا۔

ڈاکٹر محمد مطیع الرحمٰن

سینئر ایڈوائزر